۷۸۶
۹۲
شجرۂ طیبہ
شجرۂ علیہ
حضراتِ عالیہ قادریہ برکاتیہ رضویہ حشمتیہ مشاہدیہ
خلیفہ حضور مفتئ اعظم ہند نبیرہ حضور مظہرِ اعلیحضرت شہزادہ حضور مشاہدِ ملت
حضرت مولینا قاری الحاج محمد زرتاب رضا خاں صاحب قبلہ حشمتی
سجادہ نشین خانقاہ عالیہ عالیہ حشمتیہ مشاہدیہ خلیفہ و مجاز حضور مشاہدِ ملت
و مہتمم جامعہ اہلسنت دار العلوم حشمت الرضا حشمت نگر پیلی بھیت شریف

۷۸۶ / ۹۲

شجرۂ علیہ

حضراتِ عالیہ قادریہ برکاتیہ رضویہ حشمتیہ مشاہدیہ

یا الٰہی رحم فرما مصطفیٰ کے واسطے
یا رسول اللہ کرم کیجئے خدا کے واسطے

مشکلیں حل کر شہ مشکلکشا کے واسطے
کر بلائیں رد شہید کربلا کے واسطے

سید سجاد کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے
علم حق دے باقر علم ہدیٰ کے واسطے

صدق صادق کا تصدق صادق الاسلام کر
بے غضب راضی ہو کاظم اور رضا کے واسطے

بہر معروف و سری معروف دے بیخود سری
جند حق میں گن جنید باصفا کے واسطے

بہر شبلی شیر حق دنیا کے کتوں سے بچا
ایک کا رکھ عبد واحد بے ریا کے واسطے

بوالفرح کا صدقہ کر غم کو فرح دے حسن و سعد
بوالحسن اور بوسعید سعد زا کے واسطے

قادری کر قادری رکھ قادریوں میں اُٹھا
قدر عبد القادر قدرت نما کے واسطے

اَحسَنَ اللہُ لَہٗ رِزقًا سے دے رزق حسن
بندۂ رزاق تاج الاصفیا کے واسطے

نصر ابی صالح کا صدقہ صالح و منصور رکھ
دے حیات دیں محی جانفزا کے واسطے

طورِ عرفان و علو و حمد و حُسنیٰ و بہا
دے علی موسیٰ حسن احمد بہا کے واسطے

بہرِ ابراہیم ہم پر نار غم گلزار کر
بھیک دے داتا بھکاری بادشا کے واسطے

خانۂ دل کو ضیا دے روئے ایماں کو جمال
شہ ضیا مولیٰ جمال الاولیا کے واسطے

دے محمد کیلئے روزی کر احمد کے لئے
خوان فضل اللہ سے حصہ گدا کے واسطے

دین و دنیا کی مجھے برکات دے برکات سے
عشق حق دے عشقی عشق انتما کے واسطے

حُبِّ اہلِ بَیت دے آلِ محمد کے لئے
کر شہیدِ عشق حَمزہ پیشو کے واسطے

دل کو اچھا تن کو ستھرا جان کو پر نور کر
اچھے پیارے شمس دیں بدر العلیٰ کے واسطے

دو جہاں میں خادم آل رسول اللہ کر
حضرت آل رسول مقتدا کے واسطے

نور جان و نور ایماں نور قبر و حشر دے
بو الحسین احمد نوری لقا کے واسطے

کر عطا احمد رضائے احمد مرسل مجھے
میرے مولیٰ حضرت احمد رضا کے واسطے

سایۂ جملہ مشائخ یا خدا ہم پر رہے
رحم فرما آل رحماں مصطفےٰ کے واسطے

دُشمنانِ اہلسُنّت پر مجھے منصور رکھ
شیرِ سُنّت حشمتِ شیرِ رضا کے واسطے

جلوۂ عرفان و ایماں کے نظارے کر نصیب
حضرتِ شاہِ مُشاہد با خُدا کے واسطے

یا الٰہی ہے دعا ایمان پر ہو خاتمہ
حضرتِ زرتابِ مِلّت باصفا کے واسطے

صدقہ ان اعیان کا دے چھ عین عز علم و عمل
عفو و عرفاں عافیت اس بے نوا کے واسطے

نام، ولدیت، پتہ ____________________

تاریخ ____________________

____

دستخط ____________________

الٰہی بحرمت ایں مشائخ کرام عاقبت کنیز [بندہ] خود بخیر گردانی آمین

शजर ए आलिया क़ादिरिया बरकातिया रज़विया हशमतिया मुशाहिदिया

या इलाही रहम फ़रमा मुस्तफ़ा के वास्ते,
या रसूलअल्लाह करम कीजिये खुदा के वास्ते।
मुश्किलें हल कर शहे मुश्किल कुशा के वास्ते,
कर बलाएं रद शहीदे कर्बला के वास्ते।
सय्यिदे सज्जाद के सदके में साजिद रख मुझे,
इलमे हक़ दे बक़िरे इल्मे हुदा के वास्ते।
सिद्क़े सादिक़ का तसद्दुक़ सादिकुल इस्लाम कर,
बे ग़ज़ब राज़ी हो काज़िम और रज़ा के वास्ते।
बहरे मारुफ़ो सरी मारुफ़ दे बे खुद सरी,
जुन्दे हक़ में गिन जुनैदे बा सफ़ा के वास्ते।
बहरे शिबली शेरे हक़ दुनिया के कुत्तों से बचा,
एक का रख अबदे वाहिद बे रिया के वास्ते।
बुल फ़रह का सदक़ा कर ग़म को फ़रह दे हुसनो सअ़द,
बुलहसन और बू सईदे साद्ज़ा के वास्ते।
क़ादिरी कर, क़ादिरी रख, क़ादिरियों में उठा,
क़द्रे अब्दुल क़ादिरे कुदरत नुमा के वास्ते।
अहसनल्लाहु लहू रिज़कन से दे रिज़क़े हसन,
बंदए रज़्ज़ाक़ ताजुल असफ़िया के वास्ते।
नसूरअबी सालिह का सदक़ा सालिहो मंसूर रख,
दे हयाते दीं मुहिय्ये जां फ़िज़ा के वास्ते ।
तूरे इरफ़ानो उलुव्वो हम्दो हुस्ना ओ बहा,
दे अली मूसा हसन अहमद बहा के वास्ते ।
बहरे इब्राहीम मुझ पर नारे ग़म गुलज़ार कर ,
भीक दे दाता भिकारी बादशा के वास्ते ।
ख़ानाए दिल को ज़िया दे रुए ईमां को जमाल ,
शह ज़िया मौला जमालुल औलिया के वास्ते ।
दे मुहम्मद के लिए रोज़ी कर अहमद के लिए,
ख़्वाने फज़लुल्लाह से हिस्सा गदा के वास्ते ।

दीनो दुनिया की मुझे बरकात दे बरकात से,
इश्क़े हक़ दे इश्क़िए इश्क़ इन्तिमा के वास्ते ।
हुब्बे अहले बैत दे आले मुहम्मद के लिए,
कर शहीदे इश्क़ हमज़ा पेशवा के वास्ते ।
दिल को अच्छा तन को सुथरा जान को पुर नूर कर,
अच्छे प्यारे शम्से दीं बदरूल उला के वास्ते ।
दो जहां में ख़ादिमे आले रसूलुल्लाह कर,
हज़रते आले रसूले मुक़तदा के वास्ते ।
नूरे जानो नूरे इमां नूरे क़बरो हश्र दे,
बुल हुसैने अहमदे नूरी लिक़ा के वास्ते ।
कर अता अहमद रज़ा ए अहमदे मुरसल मुझे ,
मेरे मौला हज़रते अहमद रज़ा के वास्ते।
साय ए जुमला मशाईख़ या ख़ुदा हम पर रहे,
रह्म फ़रमा आले रहमां मुस्तफ़ा के वास्ते ।
दुशमनाने अहले सुन्नत पर मुझे मन्सूर रख,
शेरे सुन्नत हशमते शेरे रज़ा के वास्ते।
जल्वए इरफ़ानो ईमां के नज़ारे कर नसीब,
हज़रते शाहे मुशाहिद बा ख़ुदा के वास्ते।
या इलाही है दुआ ईमान पर हो ख़ातिमा,
हज़रते ज़रताबे मिल्लत बा सफ़ा के वास्ते।
सदक़ा इन अअ़यान का दे क्षे ऐ़न इ़ज़ इ़ल्मो अ़मल,
अ़फ़वो इ़रफ़ां आ़फ़ियत इस बे नवा के वास्ते।

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْظُرْ حَالَنَا	یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اِسْمَعْ قَالَنَا
اِنَّنِیْ فِیْ بَحْرِ ہَمٍّ مُّغْرَقٌ	خُذْ یَدِیْ سَہِّلْ لَنَا اِشْکَالَنَا
مشکلات بے عدد داریم ما	المدد یا غوثِ اعظم پیر ما
بگردابِ بلا افتادہ کشتی	مدد کن یا معین الدین چشتی
قادریم نعرہ یا غوثِ اعظم می زنم	دم زشیخ احمد رضا خاں قطب عالم می زنم
نائب غوث الوریٰ یا مظہرِ احمد رضا	بوالفتح سیدی شیر رضا امداد کن
نائب غوث الوریٰ یا مظہرِ شیر رضا	بوالمظفر شہ مشاہد رضا امداد کن

ان سب کو ہر نماز کے بعد کم سے کم بارہ مرتبہ پڑھیں اول آخر تین تین بار درود شریف

حصار

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور سیدھے ہاتھ کی کلمہ کی انگلی پر دم کر کے سیدھے کان کی لو کے اوپر سے تین مرتبہ پھیریں

اور اس وظیفہ کو کم سے کم پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کریں

بعد نماز فجر پڑھیں تو عشاء تک محفوظ رہیں گے اور بعد نماز عشاء پڑھیں گے تو فجر تک محفوظ رہیں گے۔ انشاء اللہ العظیم یہ حصار بہت متبرک اور مجرب ہے

ہر سال عرسِ حشمتی و مشاہدی ۲۱،۲۲،۲۳، صفر المظفر کو پیلی بھیت شریف میں منعقد ہو کر فیض بخش عام ہوتا ہے

مدینہ منورہ و مکہ معظمہ کی حاضری دینے میں سنی بھائی وہاں کے کسی امام کے پیچھے ہرگز نماز نہ پڑھیں۔ اسلئے کہ ان کے عقیدے فاسد و باطل ہیں۔ اپنی ہر نماز قیام گاہ پر یا حرم شریف میں ان کی جماعت سے پہلے یا بعد میں پڑھیں۔

اس کے علاوہ بھی ہمیشہ ان سے دور رہیں، ان کی صحبت سے بچیں۔ بحکم شریعت مطہرہ کسی بھی وہابی دیوبندی رافضی بدمذہب بددین سے ملنا جلنا، اُن سے شادی بیاہ کرنا، ان کے پیچھے نماز پڑھنا، ان کے بیمار پڑنے پر ان کی عیادت کو جانا، اُن کی نماز جنازہ پڑھنا، غرض کسی طرح بھی ان سے ربط و ضبط میل جول رکھنا حرام ہے۔ مولیٰ تعالیٰ ہم سب کو ایمان و سنیت پر ثبات و استقامت عطا فرمائے۔ آمین۔